## سوال

(82) شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی گیارہویں کرنا اس نیت سے     الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی گیارہویں کرنا اس نیت سے کہ پیر صاحب معظم اور مقرب الٰہی ہیں، ان کی تعظیم اور ان کے ساتھ تقرب حاصل کرنے کے واسطے ہم یہ مال خرچ کرتے ہیں، کہ وہ ہم سے راضی رہیں، کیسا ہے، اور بلا اس نیت کے صرف ایصال ثواب کےلیے کرنا بقید ماہ وتاریخ کے کیسا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

گیارہویں کرنا شیخ عبد القادر جیلانی کی نیت مذکورہ بالا سے شرک ثابت ہوتا ہے، اس واسطے کہ یہ سب اوصاف خاص اللہ تعالیٰ کےلیے ہیں، غیر کو اس میں داخل نہیں، اور اگر بلا اس نیت کے کرے بقید ماہ وتاریخ تو بدعت ہے، حررہ ابو الطیب محمد شمس الحق عفی عنہ۔ (ابو الطیب ۱۲۹۵۔ محمد شمس الحق) (سید محمد نذیر حسین)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[فتاوی علمائے حدیث]

## جلد 09 ص 165

### محدث فتویٰ